سوال

(109) عورت قبروں کی زیارت نہ کرے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کے لئے قبروں کی زیارت کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورتوں کے لئے قبروں کی زیارت جائز نہیں ہے۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔

اس لئے بھی کہ عورتیں فتنہ میں جلد مبتلا ہوجاتی ہیں۔ اور ان میں صبر کم ہوتا ہے۔ لہذا ان پر یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کا احسان ہے۔ کہ ان کے لئے قبروں کی زیارت کو حرام قرار دے دیا تاکہ نہ خود فتنہ میں مبتلا ہوں اور نہ دوسروں کو فتنہ میں مبتلا کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے حال کی اصلاح فرمائے! آمین!

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ بن باز رحمہ اللہ

جلددوم